قافلہ معاد

--- ○ برصغیر پاک وہند کے معروف عالم دین اور محدث حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری گزشتہ دنوں مدینہ منورہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انہوں نے زندگی کا ایک بڑا حصہ حدیث نبوی کی تدریس میں بسر کیا اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ کچھ عرصہ قبل ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے تھے اور اپنے مخصوص ذوق کے مطابق مسلمانوں کی علمی ودینی راہ نمائی میں مصروف تھے۔

--- ○ مانسہرہ ہزارہ کے سرگرم اور مجاہد عالم دین مولانا سید منظور احمد شاہ آسی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ مدرسہ نصرۃ العلوم کے فاضل اور مدیر الشریعہ کے قریبی ساتھی تھے۔ انہوں نے مانسہرہ میں مجلس تحفظ ختم نبوت اور جمعیۃ علماء اسلام کے پلیٹ فارم پر مختلف دینی تحریکات میں سرگرم کردار ادا کیا اور مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی قدس اللہ سرہ العزیز کی سوانح وخدمات پر دو جلدوں میں ایک ضخیم کتاب بھی لکھی۔

--- ○ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی نائب امیر حضرت مولانا سید نفیس الحسینی مدظلہ کے فرزند حافظ سید انیس الحسن شاہ زیدی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم ایک اچھے خوش نویس تھے اور حضرت شاہ صاحب مدظلہ کے اکلوتے بیٹے تھے۔

--- ○ مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے پرانے استاذ مولانا سید عطاء اللہ شاہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم کے پھوپھی زاد بھائی مولانا سید فتح علی شاہ مرحوم آف لمی (بٹل ہزارہ) کے فرزند تھے۔ مدرسہ نصرۃ العلوم کے فاضل تھے اور مدرسہ کے سکول میں ایک عرصہ سے تدریسی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔

--- ○ کاموکی گوجرانوالہ کے معروف خوش نویس اور دینی کارکن حافظ محمد شوکت گزشتہ روز حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مجلس تحفظ ختم نبوت گوجرانوالہ کے دفتر میں بیٹھتے تھے اور دینی تحریکات میں سرگرم حصہ لیتے تھے۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ رب العزت ان سب مرحومین کی حسنات قبول فرمائیں، سیئات سے درگزر کریں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازیں۔ نیز پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دیں۔ آمین یارب العالمین